عام ہدایات:۔

(i) پرچہ سوالات میں جملہ 63 سوالات ہیں۔

(ii) سوالات کو اچھی طرح سمجھ کر جوابات لکھیں۔

(iii) جوابات کیلئے مناسب جگہ دی گئی ہے وہیں پر لکھئے۔

(iv) اِملا اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

---

**I.** **ذیل کے ہر سوال کے نیچے 4 متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ مناسب ترین جواب کا انتخاب کر کے مہیا کی گئی جگہ میں جواب لکھئے۔** **[15x1=15]**

**1.** ایک مرتبہ حضرت فاطمہؓ نے لونڈی کی فرمائش کی تو آپؐ نے فرمایا۔

(A) بیٹی ایسی خواہش نہ کیا کرو

(B) اپنا کام خود کر لیا کرو

(C) بیٹی یہ تسبیح پڑھ لیا کرو

(D) بیٹی فرمائش نہ کیا کرو

**2.** یارانِ نبیؐ سے مراد کون ہیں؟

(A) نبی کریمؐ کے احباب

(B) خُلفائے راشدین

(C) انبیائے کرام

(D) نبی کریمؐ کے رشتہ دار

**3.** ڈاکٹر کلام کو خوشی اسلئے ہوئی کیونکہ 'ناسا' نے حضرت ٹیپوؒ کو :

(A) ٹکنالوجی دی تھی (B) استعمال کیا تھا

(C) عزت بخشی (D) سراہا تھا

4. شعر کے الفاظ کو ارکان کے مطابق کاٹنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) تقطیع (B) تسبیح

(C) تشبیہہ (D) تردید

5. کس شاعر کو اُردو کا پہلا عوامی شاعر کہا جاتا ہے؟

(A) مرزا غالبؔ (B) میر تقی میرؔ

(C) نظیر اکبر آبادی (D) میر دردؔ

6. مضمون 'بلبلہ' ایک :

(A) ڈرامہ ہے (B) احوال نامہ ہے

(C) سفر نامہ ہے (D) افسانہ ہے

7. مفرد جملے کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) چار

(C) چھ (D) پانچ

8. شعر مکمل کیجئے :۔ پجاری کو مندر کے میں نے اٹھایا

(A) بھٹکتے مسافر کو رستہ بتایا

(B) موذن کو مسجد کے میں نے جگایا

(C) اندھیرا گھٹایا، اُجالا بڑھایا

(D) جو بھٹکا اُسے راستہ بتایا

9. تاریخ نویسی ایک خاص فن ہے۔

(A) انگریزوں کا (B) ہندوؤں کا

(C) مسلمانوں کا (D) ترکوں کا

10. 'چاند تاروں کا بن' کے شاعر

(A) ظفر علی خان ظفؔر (B) جاں نثار اختؔر

(C) نظیر اکبر آبادی (D) مخدوم محی الدین

11. معنی کے اعتبار سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو (B) چھ

(C) چار (D) تین

12. وہ علم جس سے شعر کے اوزان معلوم ہوں کیا کہلاتا ہے ؟

(A) علمِ شعر (B) علمِ عروض

(C) علمِ مفروض (D) علمِ شاعری

13. قطب جنوبی کی مہم کی قیادت ............... (جملہ مکمل کیجئے)

(A) ڈاکٹر قاسم نے کی (B) ڈاکٹر عبد اکلام نے کی

(C) ستیہ پال اروڑہ نے کی (D) ڈاکٹر سید ظہور قاسم نے کی

14. نظم ''صدیقؓ'' میں علاّمہ اقبال نے کس غزوہ کے تعلق سے لکھا ہے۔

(A) غزوۂ اُحد (B) غزوۂ خندق

(C) غزوۂ تبوک (D) غزوۂ خیبر

15. کلام میں ایسے الفاظ لائے جائیں جو صورت میں مشابہ مگر معنی میں جدا ہوں:

(A) تضاد کہلاتا ہے (B) طباق کہلاتا ہے

(C) تکریر کہلاتا ہے (D) تجنیس کہلاتا ہے

II. خانہ پُری کیجیے۔ [5x1=5]

16. کمپیوٹر کی ایجاد کو __________ ہو چکے ہیں۔

17. مرثیے __________ طرح کے ہوتے ہیں۔

18. دورِ حاضر کو __________ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

19. شاعر میرؔ کو __________ کہا گیا ہے۔

20. ''توتو میں میں ہونا'' محاورے کا مطلب __________

III. مناسب جوڑ لگا کر لکھیے۔ [5x1=5]

21. 'الف' اور 'ب' کی مناسبت سے جوڑ لگا کر جوابی نمبر کو 'ج' میں لکھیے۔

| الف | ب | جوابات |
|---|---|---|
| 1) رباعی گو شاعر | A) پورا چاند | 1- __________ |

| | | |
|---|---|---|
| 2) عربوں نے | B) پولر سرکل | 2- ____________ |
| 3) وصلی | C) ہجری کی ابتداء کی | 3- ____________ |
| 4) قطب جنوبی کی بحری جہاز | D) امجد حیدر آبادی | 4- ____________ |
| 5) مہ کامل | E) جس میں دو جملے حرف عطف کے ذریعے ملیں | 5- ____________ |
| | F) تاریخ میسور | |
| | G) آدھا چاند | |

**IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے۔** **[10x1=10]**

22. نبی کریمؐ نے کس کا حق پورا کرنے کی تاکید فرمائی ؟

23. ذرہ ذرہ کس بات کا شاہد ہے ؟

24. بحر کسے کہتے ہیں ؟

25. عبدالکلام کو کن کن خطابات سے نوازا گیا ؟

26. مغلیہ سلطنت کے آخری تاجدار کون تھے ؟

27. مفرد بحر کی تعریف کیجیے۔

28. مقبول میاں دلاور علی کے سامنے کس طرح بیٹھے ہوئے تھے ؟

29. برسات ہونے پر جنگل کن پرندوں کی آوازوں سے جُھوم اُٹھا؟

30. مقطع کسے کہتے ہیں ؟

31. استعمال کے لحاظ سے کمپیوٹر کے کتنے پہلو ہیں ؟

V. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے ۔ [15x2=30]

32. عورتوں کے بارے میں نبی کریمؐ نے کیا فرمایا؟

33. حضورؐ نے حضرت عمرؓ سے کیا سوال کیا؟

34. عبد الکلام نے اپنی ملازمت کی ابتداء کب اور کہاں کی ؟

35. مرکب جملے کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے ۔

36. حضورؐ کی آمد سے دنیا میں کون کونسی تبدیلیاں آئیں ؟

37. صبح کی آمد سے ماحول پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

38. دلاور علی کے مخاطب ہونے پر شیخ نجیب احمد کی کیا حالت ہوئی ؟

39. لکھنؤ سے خطاب کرتے ہوئے شاعر نے کیا التجا کی ؟

40. صنعتِ تضاد کی تعریف کیجئے ۔

41. برف ٹوٹنے کی آواز سن کر لوگ کیا سوچنے لگے ؟

42. دیوانے کو نصیحت کیوں نہیں کرنی چاہئے ؟

43. چاندبی بی صلح کیلئے آمادہ کیوں نہیں ہوئی ؟

44. 'بدلہ' نظم کس نے لکھی ہے؟اور نیکی کا بدلہ کیا ہے؟

45. اپنی ہی تاریخ کو بھلا دینے والی قوم کا مستقبل کیا ہوتا ہے؟

46. تشبیہ کی تعریف کیجئے اور بتایئے کہ ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟

**VI. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔** **[10x3=30]**

47. شکر کی دُکان جاتے وقت گھر کے افراد نے مصنف کو کیا کیا ہدایات دیں؟

48. نظم 'بدلہ' میں نظیر اکبر آبادی نے نیکی اور برائیوں کو کن کن مثالوں سے سمجھایا ہے؟

49. ''چاند تاروں کا بن'' میں شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

50. متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

''کیا کرتے ہو ظالمو! تم کو شرم نہیں آتی۔ایک نہتی عورت پر تلواریں چلاتے ہو''

51. ''نہیں! جب تک میں اُسے کھری کھری نہ سناؤں چین نہیں آئیگا''

52. ''شکر لینے جا تو رہے ہو، ہم لوگوں کا کہا سنا بھی معاف کرتے جاؤ۔

53. اشعار کا مطلب لکھئے:۔

ؔ نازکی اُن کے لب کی کیا کہیئے
پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

54. ؔ لے گیا چھین کے کون آج تیرا صبر و قرار
بے قراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی

ان میں سے کسی دو کا تعارف کروایئے :۔

(a) سید سلیمان ندوی (b) الطاف حسین حالی (c) جاں نثار اختر

55. جواب : ______________________

56. جواب : ______________________

VII. ان سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ [4x4=16]

57. نبی کریمؐ کے اخلاق و عادات پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

58. سید ظہور قاسم کی قیادت میں ہندوستانی ٹیم کی براعظم انٹارٹکا کی کامیاب مہم جوئی کا حال بیان کیجئے۔

59. اپنی یادداشت سے 'حمد' یا 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

60. کوئی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(1) برکھارُت (2) صدیقؓ

VIII. 61. اپنے دوست / سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں موسمِ گرما میں اپنے گھر آنے کی دعوت دی گئی ہو۔ [5]

IX. 62. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ [5]

(1) قومی یکجہتی (2) ماحول کی گندگی کے اسباب اور اس کی روک تھام

X. 63. ذیل میں دی گئی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جوابات لکھئے۔ [4 x 1 = 4]

دُنیا کائنات کا وہ حصہ ہے جہاں انسانی زندگی کی ابتداء اور انتہا ہوتی ہے۔ ابتداء ہی سے دنیا اور انسان کا چولی دامن کا رشتہ ہے۔ انسان اپنی زندگی کی ابتداء دنیا ہی میں کرتا ہے اور اپنی زندگی کا خاتمہ دنیا کے بغیر مکمل نہیں کر سکتا۔ انسان ہی وہ واحد مخلوق ہے جس کے لئے دنیا بنائی گئی اور دنیا کا استعمال صرف انسان ہی کر سکتا ہے یعنی انسان اور دنیا

کا رشتہ روح اور بدن کی طرح ہے۔ انسان اور دنیا کا تعلق انسان کی پہلی سانس سے لے کر آخری سانس تک رہتا ہے۔ گویا اِس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ انسان ہی کی وجہ سے دنیا آباد ہے۔

سوالات:۔

(1) اِنسانی زندگی کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

(2) چولی دامن کا ساتھ کس کے درمیان ہے؟

(3) وہ کونسی واحد مخلوق ہے جو دنیا کا استعمال کر سکتی ہے؟

(4) دنیا اور انسان میں کونسا رشتہ قائم ہے؟